وفات

مولانا محمد اسمٰعیل سلفی نے نصف صدی تک مسندِ درس و تدریس اور خطابت و افتا کو زینت دینے کے بعد ۲۰/فروری ۱۹۶۸ء مطابق ۲۰/ذی قعدہ ۱۳۸۷ھ بروز منگل بعد نمازِ عصر انتقال کیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون بدھ کے روز بعد نمازِ ظہر گوجرانوالہ میں نمازِ جنازہ ادا کی گئی۔ مولانا حافظ محمد یوسف گکھڑوی مرحوم نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ راقم کو بھی نمازِ جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل ہے۔ جنازہ پر بے پناہ ہجوم تھا شورش کاشمیری مرحوم بھی جنازہ میں شریک تھے۔ انہوں نے اپنے اخبار ہفت روزہ چٹان، لاہور میں لکھا:

> ''ایسا جنازہ تو بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کی بال بال مغفرت فرمائے اور علیین میں مقام عطا فرمائے۔''

اساتذہ

مولانا سلفی نے جن اساتذہ کرام سے مختلف علوم وفنون میں استفادہ کیا، ان کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ مولانا حکیم محمد ابراہیمؒ
۲۔ مولانا عمر الدین وزیر آبادیؒ
۳۔ مولانا تاج الدینؒ
۴۔ مولوی عبدالستارؒ بن شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالمنان وزیر آبادیؒ
۵۔ مولانا عبدالرحمٰن ولایتیؒ
۶۔ استاد پنجاب شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالمنان محدث وزیر آبادیؒ
۷۔ مولانا محمد قاسم مدرس مدرسہ امینیہ دہلی
۸۔ مولانا عبدالجبار عمر پوریؒ
۹۔ مولانا حافظ عبداللہ غازی پوریؒ
۱۰۔ مولانا عبدالرحیم غزنویؒ
۱۱۔ مولانا عبدالغفور غزنویؒ
۱۲۔ مولانا محمد حسین ہزارویؒ
۱۳۔ مولانا مفتی محمد حسن امرتسریؒ
۱۴۔ مولوی حکیم محمد عالم امرتسریؒ
۱۵۔ مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ
۱۶۔ شیخ ابوبکر توقیر مکیؒ

(جاری ہے)

ضروری اعلان: ادارۂ محدث سے ملحق وسیع لائبریری (مکتبہ رحمانیہ) میں دینی جرائد ورسائل کیلئے ایک مستقل شعبہ دو برس سے کام کررہا ہے۔ جس میں تمام رسائل وجرائد کا ریکارڈ جمع کر کے ان کو حسن ترتیب کے ساتھ محفوظ بھی کیا جارہا ہے۔ علاوہ ازیں وقیع اور مستند علمی مجلّات کے اشاریہ جات کی تیاری بھی زوروں پر ہے، الحمد للہ اب تک ۲۰ سے زائد علمی رسائل کے مکمل اشاریہ جات ترتیب دیے جاچکے ہیں، مثلاً: ماہنامہ محدث، لاہور (۳۴ سال)...... ماہنامہ محدث، بنارس (۱۶ سال)، ماہنامہ ترجمان الحدیث، لاہور (۱۸ سال)...... ماہنامہ تعلیم الاسلام، ماموں کانجن (۱۰ سال)...... ماہنامہ حرمین، جہلم (۱۲ سال)......سہ ماہی منہاج، لاہور (۱۹ سال)...... ماہنامہ الدعوۃ، لاہور (۱۲ سال)...... ماہنامہ رحیق، لاہور (۳ سال)...... ماہنامہ 'الشریعۃ' گوجرانوالہ (۸ سال).....ہفت روزہ توحید، امرتسر (۴ سال) اور دیگر بہت سے دینی جرائد

ادارہ نے قدیم رسائل وجرائد کا ریکارڈ جمع کر کے ان پر بھی کام شروع کردیا ہے، وہ افراد جن کے پاس اہم دینی جرائد